سوال

(510) عورت غیر محرم کے ساتھ سفر نہ کرے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

حدیث میں آیا ہے عورت غیر محرم کے ساتھ سفر نہ کرے۔ آیا کیا حج کا سفر عورت جوان ہو یا بوڑھی کوئی حدیث میں فرق ہے؟ (مولانا محمد بشیر)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته
الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

عورت کا محرم یا خاوند کے بغیر سفر کرنا جرم وگناہ ہے، [رسول الله صلی الله علیه وسلم نے فرمایا جو عورت الله اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہے اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ محرم کے بغیر ایک دن اور رات کا سفر اختیار کرے۔]1 اس گناہ کی موجودگی میں عورت کا حج عمرہ ہوتا ہے یا نہیں۔ مجھے کوئی آیت یا حدیث معلوم نہیں۔

[نبی صلی الله علیه وسلم نے فرمایا کوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ تنہائی اختیار نہ کرے۔ مگر اس حالت میں اس کے ساتھ کوئی محرم رشتہ دار ہو اور عورت محرم رشتہ دار کے بغیر سفر نہ کرے تو آپ صلی الله علیه وسلم سے ایک آدمی نے سوال کیا۔ اے الله کے رسول 1 میری بیوی حج کے لیے جا رہی ہے اور میرا نام فلاں فلاں غزوے میں لکھا جا چکا ہے۔ آپ صلی الله علیه وسلم نے فرمایا: جا تو اپنی بیوی کے ساتھ حج کر۔''] ۹ ۳ ۱۴۲۴ھ

1 صحیح بخاری کتاب الصلاة باب تقصیر الصلاة۔ صحیح مسلم کتاب الحج باب سفر المرأة مع محرم

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 443

محدث فتویٰ